# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 14 دسمبر 2016ء بمطابق 14 ربیع الاؤل 1438 ہجری بعداز دوپہر تین بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

ٱلرَّحۡمَـٰنُo عَلَّمَ ٱلۡقُرۡءَانَo خَلَقَ ٱلۡإِنسَـٰنَo عَلَّمَهُ ٱلۡبَيَانَo ٱلشَّمۡسُ وَٱلۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍo وَٱلنَّجۡمُ وَٱلشَّجَرُ يَسۡجُدَانِo وَٱلسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلۡمِيزَانَo أَلَّا تَطۡغَوۡاْ فِى ٱلۡمِيزَانِo وَأَقِيمُواْ ٱلۡوَزۡنَ بِٱلۡقِسۡطِ وَلَا تُخۡسِرُواْ ٱلۡمِيزَانَo وَٱلۡأَرۡضَ وَضَعَهَا لِلۡأَنَامِoفِيهَا فَـٰكِهَةٌ وَٱلنَّخۡلُ ذَاتُ ٱلۡأَكۡمَامِo وَٱلۡحَبُّ ذُو ٱلۡعَصۡفِ وَٱلرَّيۡحَانُ۔

(ترجمہ): (خداجو)نہایت مہربان۔اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔اسی نے انسان کو پیدا کیا۔اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔اور تول کم مت کرو اور اسی نے خلقت کیلئے زمین بچھائی۔اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں۔اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول۔وآخِرُالدَعْوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ (مداخلت) جی جی، یہ 'کوئسچنز آور' چلادیں اس کے بعد میں آپ کو موقع دیتاہوں۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور'، سردار حسین، کوئسچن نمبر 3896۔ موجود نہیں، لیپس، سوال نمبر 3895 مفتی سید جانان۔

* 3895 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف مقامات پر معذور بچوں اور بچیوں کے سکول موجود ہیں جن میں کافی تعداد میں طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں مذکورہ سکول کہاں کہاں قائم کئے گئے ہیں، نیز معذور طلباء وطالبات کی تعداد اوران کو دی گئی سہولیات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبے کے مختلف اضلاع میں معذور بچوں اور بچیوں کیلئے خصوصی تعلیم کے دفاتر/سکولوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی، نیز ان سکولوں میں معذور طلباء وطالبات کو مفت داخلہ، کتابیں، کاپیاں، یونیفارم اور گھر سے سکول اور چھٹی پر سکول سے واپس گھر جانے کیلئے مفت ٹرانسپورٹ فراہم کی جاتی ہے۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! زما خو دغه سوال، یو ضمنی سوال، دا خو ضمنی سوال نه مخکښې زه یو وضاحت کوم، که تاسو ما ته د یو منټ اجازت راکړئ۔

جناب سپیکر: جی، یو منټ۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! زه وایم چې دا دغې صوبې دا ټول ممبرانو سره بشمول دے تاسو مونږ منتخب کړې یو او دلته ئے رالیږلې یو۔ او د دغې ممبرئ، د دغه وزارت او دغه مشرئ مونږ حکومت نه تنخواګانې اخلو، مراعات خورو، تاسو ته یو قسم مراعات ملاویږی، ما ته بل قسم ملاویږی، منسټر او وزیر صاحب ته بل قسم ملاویږی خو سپیکرصاحب! چې کوم سړے د

خپلې ډیوټۍ پابندی نه کوی، هغه ته د قوم تنخواه اخستل حرام دی، هغه حرامو کښې مبتلا ء دی، هغه بچو ته حرام رزق اووړی۔ زه خلقو منتخب کړے یم دې اسمبلئی کښې دے د پاره ئے منتخب کړے یم چې زه به د دغه خلقو مسئلې حل کوم، باوجود د دې، بغیر د عزر زه چې دغې اسمبلئ ته نه راځم، کوم سړے د دغې اسمبلئی تنخواه بغیر د عذر خوری، که هغه وزیر وی جناب سپیکر صاحب، که هغه زه ووم که بل څوک وی۔ هغه خپلو بچو ته سور اوور اوړی۔ هغه قوم سره خیانت کوی، هغه دغې صوبې سره خیانت کوی، هغه دغه خلقو سره خیانت کوی۔ زما به ستاسو په وساطت باندې دا گزارش وی چې دا کوم مراعات مونږ ته ملاویږی، زه د دغې ایوان په وجه باندې مراعات اخلم۔ داسې یو ترتیب جوړ کړئ چې کوم سړے دغې ایوان ته بغیر د عزره نه راځی، جناب سپیکرصاحب! اوگورئ چې څوک موجود دی؟ دلته خو هیڅ څوک نشته دے چې کوم سړے دا تنخواه اخلی۔ جناب سپیکرصاحب! زه ده ته کتابونه رااوړم، هغه حوالې درته پیش کوم چې هغه سړے حرامه تنخواه اخلی، که هغه زه اخلم مطلب دا دے که بل سړے ئے اخلی۔ جناب سپیکر صاحب! زما سوال نمبر 3895 دے۔ زه صرف منسټر صاحب نه دا وضاحت غواړم چې دا کومو اضلاعو کښې دا د معزورو خلقو سکولونه شته دے، لکه کرک، لکی، ټانک، هنگو، تورغر، کوهستان، چارسده، د دے نه ماسوا چې کومې اضلاع دی، هغو کښې دا شته دی خو دغه اضلاعو کښې ولې نشته دے؟ آیا دغه حکومت دغه اضلاعو کښې د معزورو بچو د پاره د سکولونو قائمولو څه اراده شته او که نشته؟ منسټر صاحب د دا وضاحت لږ غوندې اوکړی؟

جناب سپیکر: جی، سکندر خان!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود)}: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ مفتی صاحب ډیر اهم سوال کړے دے۔ جناب سپیکر! ټوټل دې وخت کښې په ټوله صوبه کښې Thirty nine انسټیټوشنز دی د سپیشل ایجوکیشن او په هغې کښې دا واقعی چې ډیر Neglected سیکټر پاتې شوے دے، هغه لحاظ سره کوم سوال چې دوئ اوکړو، پکار ده چې هر ضلع کښې د دې دغه وی خو هغه شان شته دے نه، د دې اوس هم هائی سکولز چې دی هغه صرف دوه دی په ټوله صوبه کښې، د

هغې هم يو تکليف دے نو دغه ته چې مونږه کله دا اوکتل نو په تيره اے ډی پی کښې مونږه دې د پاره يو نوې سکيم لانچ کړے وو، هغه مونږه ميجر خپل د سوشل ويلفيئر طرف نه خپل اے ډی پی کښې يو نوې Initiative مونږه دغه کړے وه او مونږه فسټ فيز کښې دا اوکړل چې هرې ضلعې ته خو يکدم که ټول سکولونه مونږه دغه کوؤ، دومره وسائل مونږ سره نشته، د صوبې وسائل هم کم دی، خاص کر سوشل ويلفيئر ته هم کم ملاويږی، نو فسټ فيز کښې مونږه دا اوکړل چې هر ډويژنل هيډکوارټر چې دے، د هغې په سطح باندې يو ماډل پرائمری، مډل او هائی سکول ټول يو ځائے چې دا جوړ کړو چې ډويژن سطح باندې دغه شی، Connect شی او بيا د هغې نه پس ته به دا پهيلاؤ شی چې هر ضلعې ته هم مونږه دا اورسوؤ نو دا واقعی ده، چې د دوئ دغه طرف ته مونږه توجو ورکوؤ، د ډويژن په سطح باندې، دا تقريباً د څه چاليس کروړ روپو سکيم دغه کړے دے مونږه او د هغې پی ډی ډبليو پی چې ده، هغه به هم ورځ دوه کښې اوشی نو ان شاء الله مئی جون کښې به په دې باندې کار هم شروع شی او دا به مونږه غواړو چې مفتی صاحب او داسې نور ممبران چې دی، هغه د زمونږه سرپرستی کوی او داسې نشاندهی مونږ ته کوی، دې طرف ته د توجو ورکولو ضرورت دے، ځکه چې دغه بچی چې دی، هغه هم زمونږه د دې قوم بچی دی، زمونږه بچی دی او پکار ده چې مونږه هغه طرف ته توجو ورکړو۔ هغوی کښې هم ډير صلاحيتونه شته او په بهر دنيا کښې کارآمد معاشره هله جوړيږی چې هغه تاسو هر کس له خپل مقام پوره ورکړئ۔ نو پکار دا ده چې دې طرف ته توجو مونږه ورکړو او د حکومت هم دغه ترجيح ده چې دې طرف ته مونږه توجو ورکړو جی۔

Mr. Speaker: Ji, Mufti Sahib, Agree ?
Mufti Sad Janan: Ji, Speaker Sahib.
Mr. Speaker: Next.

مولانا مفتی فضل غفور: سپليمنټری سوال دے جی۔

جناب سپیکر: جی جی، مفتی صاحب، سپلیمنٹری؟

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه سپیکر صاحب۔ ستاسو وساطت سره جی، زه د منسټر صاحب په نوټس کښې یو خبره راولم چې هم په دې بابت کښې 15-2014ء اے ډی پی کښې د سپیشل ایجوکیشن یو سکول دا زمونږ د بونیر، زما د حلقې د پاره میډم مهرتاج روغانی صاحبه چې هغه وخت کښې هغه د دې منسټره وه، هغوی ایخودے وه، تر اوسه پورې هغه هیڅ قسم فنکشنل نه شو او نه د هغې د پاره څه په وجود کښې څه شې راغلې دے۔ که منسټر صاحب لږ د هغې وضاحت اوکړی چې دا څه پروګرام دے؟ د 15-2014ء اے ډی پی خبره ده جی۔

جناب سپیکر: سکندر خان!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود)}: سپیکر صاحب! دا کوئسچن خو فریش کوئسچن دے، زه به بیا هم ممبر صاحب ته، مفتی صاحب ته دا خواست کوم چې که د پیر په ورځ دوئ راغلل زما دفتر ته، زه به ډائریکټر صاحب هم راواوغواړم، کښینو چې هغه کوم ځائے کښې څه د غه وی، بالکل د هغې د پاره به مونږه د غه راواوباسو جی۔

جناب سپیکر: جی جی، نیکسٹ، سردار اورنگزیب نلوٹھا، سوال نمبر 3930۔

* 3930 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں سپیشل ایجوکیشن سکول موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان سکولوں میں اساتذہ کرام کو مختلف ادوار میں ٹریننگ کیلئے جاپان بھیجا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جن جن اساتذہ کرام کو ٹریننگ دی گئی ہے، ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں، صوبے کے مختلف اضلاع میں سپیشل ایجوکیشن کے سکول موجود ہیں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جن اساتذہ کرام کو ٹریننگ دی گئی ہے اس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب! میں نے یہ کوئسچن پوچھا ہے، اس کے جز (ج) میں پوچھا ہے کہ اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جن اساتذہ کرام کو ٹریننگ دی گئی ہے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔ جناب سپیکر صاحب! کوئی تفصیل فراہم نہیں کی گئی ہے، کیا صرف یہ کاغذوں میں ٹریننگ کیلئے استاد ٹیچرز کو بھیجا جاتا ہے یا عملی طور پر بھی کوئی ٹیچر گیا ہے؟ تو اس میں بالکل تفصیل نہیں دی گئی ہے اور حقیقت کو چھپایا گیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ صرف ایک کاغذی خانہ پری ہوتی ہے، اگر ٹیچرز کو ٹریننگ دینے کیلئے بھیجا گیا ہے تو اس کی تفصیل کیوں نہیں دی گئی ہے؟

جناب سپیکر: سکندر خان!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: سپیکر صاحب! ما سره خو دا دے، دا لسټ شته هم او ما چیک کړے هم دے چې دې سره د اته کسانو دا لسټ چې دے، سوری جی، سوری جی، نلوٹھا صاحب نے جو کوئسچن اٹھایا ہے، اس کی یہ لسٹ موجود ہے، آٹھ بندوں کی کہ وہ گئے ہیں اس پراجیکٹ ٹریننگ پہ اور یہ سب کے ساتھ Attach بھی کی گئی ہے، اگر اس میں بھی ان کا کوئی وہ ہے تو یہ میں آپ کو دے دیتا ہوں جی، یہ آپ دیکھ لیں، میں اس کو وہ بھی کر لیتا ہوں کیونکہ یہ ہم نے داخل کئے تھے اور آٹھ بندے اس کے مطابق گئے ہیں۔ اگر اس کے بارے میں ان کا کوئی کوئسچن ہو تو بالکل اس کو ہم۔

جناب سپیکر: جی سردار صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! یہ لسٹ مجھے پہلے کیوں نہیں دی گئی؟ میں اس پر حیران ہوں، اگر مجھے اس Answer sheet کے ساتھ لسٹ مل جاتی تو میں دیکھ لیتا کہ کیا یہ آٹھ لوگ گئے ہیں یا نہیں گئے ہیں؟ اور میرے ساتھ، میں سمجھتا ہوں کہ جوان لوگوں نے مجھے یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سیکرٹری صاحب! اچھا یہ لسٹ آپ کے پاس بھی موجود نہیں ہے اور میرے پاس بھی نہیں ہے، مجھے پتہ نہیں ہے کہ Where is the problem?

مفتی سید جانان: سپیکر صاحب، خبره دا ده چې ممبر صاحب د دې متعلق چې کوم سوال کړے دے، هغه تاسو او مونږ سره نشته دے، پرون دا ایجنډا یو ځل ملاؤ شوه، یو شان ملاؤ شوه۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی،جی۔

مفتی سید جانان: بیا دا نن تاسو ته بل شان پرته ده او وروستو نیم سوالونه اوشول، اوس دا څه ګپ شپ جوړ دے چې دوه دوه ایجنډې په ایوان کښې تقسیموی؟

جناب سپیکر: جی سکندر خان، اچھا یہ کوئسچنز ڈیپارٹمنٹ سے لیٹ آئے ہیں جو مفتی صاحب آپ کہہ رہے ہیں، میں ان کو چیک کرلوں گا۔

جناب سکندر حیات خان {سینئیر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: نہیں، میں ڈیپارٹمنٹ کی سطح پر چیک کرلیتا ہوں سپیکر صاحب! اگر ہمارے پارٹ پہ کوئی کوتاہی ہوئی ہو تو We will take action against them.،اور آپ اگر سیکرٹریٹ میں پھر چیک کرلیں کہ اگر ادھر کوئی وہ ہو تو وہ آپ کے ذمے ہے۔

جناب سپیکر: سیکرٹری صاحب کہتے ہیں کہ ہمارے پاس نہیں آیا ہے، ہمارے پاس نہیں آیا ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! یہ مٹی پاؤ والا معاملہ ہے تو حیرانگی کی بات ہے جی، لسٹ پرسنلی میں نے بھیجی ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، میں سکندر خان یہ۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: یہ منسٹر صاحب ابھی لسٹ دے رہے ہیں۔

جناب سپیکر: سکندر خان! یہ آپ دیکھ لیں، آپ اس کی انکوائری کرالیں، جہاں بھی کمی ہوگی اس کے خلاف ڈسپلینری ایکشن لے لیں۔

سینئیر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود): اگر ہمارے پارٹ پہ ہوئی تو بالکل، اگر سیکرٹریٹ کے پارٹ پہ ہوئی تو یہ آپ کی ذمہ واری ہے۔

جناب سپیکر: اوکے جی، یہ میرے ذمے ہے، ٹھیک ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! مجھے منسٹر صاحب مطمئن کریں گے یا سیکرٹریٹ مطمئن کرے گا؟

سینئیر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود): میں، میں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب آپ کو مطمئن کریں گے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: لگتا نہیں ہے سر (قہقہہ)

جناب سپیکر: نیکسٹ، 3926 سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

* 3926 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سپیشل ایجوکیشن سکولوں میں بسوں کے تیل اور مرمت کیلئے ماہوار فنڈ ملتا ہے؛

(ب) مذکورہ سکولوں میں کتنے اساتذہ کرام مستقل کام کر رہے ہیں اور جو اساتذہ کرام کنٹریکٹ پر تعینات ہوئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جو اساتذہ کرام کنٹریکٹ پر کام کر رہے ہیں ان کی تنخواہ کی ادائیگی کون کرتا ہے، نیز ماہوار تنخواہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں، سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد میں بسوں کیلئے تیل اور مرمت کی مد میں بجٹ ضلعی حکومت کے ذریعے سہ ماہی بنیادوں پر جاری کیا جاتا ہے۔

(ب) سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد میں مستقل اساتذہ کی تعداد چھتیس ہے اور کنٹریکٹ پر کوئی بھی تعینات نہیں ہے۔

(ج) سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر کوئی بھی استاد تعینات نہیں کیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: سیکرٹری صاحب! یہ آپ دیکھ لیں، اس کے بعد سیکرٹری صاحب، امان اللہ صاحب، مجھے بتائیں کہ یہ والی سیچویشن آئندہ نہیں ہونی چاہیئے۔ جو بھی سیکرٹری اس میں ملوث ہوا، یہاں سے ہم اس کے خلاف ڈسپلنری ایکشن لیں گے اور (مداخلت) نہیں میں، اگر ڈیپارٹمنٹ کے Behalf پہ ہوا تو اس کے خلاف ہم Recommend کریں گے کہ اس کے خلاف ایکشن ہو، مطلب یہ تو کوئی وہ نہیں ہے، گپ نہیں ہے کہ اس پر سارے گپ لگا رہے ہیں جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! مجھے اس سوال کا بھی، جو 3926 کوئسچن ہے میرا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اس کا بھی مکمل جواب نہیں دیا گیا ہے، میں نے پوچھا تھا کہ اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جو اساتذہ کرام کنٹریکٹ پر کام کر رہے ہیں، ان کی تنخواہ کی ادائیگی کون کرتا ہے، نیز

ماہوار تنخواہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟ تو جواب میں انہوں نے لکھا ہے کہ سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد میں کنٹریکٹ کی بنیاد پر کوئی بھی استاد تعینات نہیں کیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: جی، سکندر خان۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ٹھیک ہے، اگر نہیں کیا گیا ہے تو تنخواہ کی لسٹ تو کم از کم فراہم کر دیتے۔

جناب سپیکر: جی، سکندر خان!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: سر، جب ہیں ہی نہیں تو تنخواہ کی ہم کہاں سے، وہاں پہ کنٹریکٹ کی پوسٹیں ہی نہیں ہیں تو ہم ان کی تنخواہ کی ان کو تفصیل کس طرح فراہم کریں، جب ایک چیز ہے نہیں تو اس کی ہم کس طرح تفصیل فراہم کر سکتے ہیں؟

جناب سپیکر: جی سردار صاحب! (قہقہہ) نیکسٹ 3925، سردار اورنگزیب نلوٹھا، 3925۔

* 3925 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حیات آباد میں سپیشل ایجوکیشن سکول موجود ہے جس میں سینکڑوں معذور گونگے اور بہرے بچے زیر تعلیم ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد مذکورہ سکول صوبائی حکومت کے زیر کنٹرول ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صوبائی حکومت مذکورہ سکول میں بسوں کیلئے تیل کی مد میں ماہوار کتنا فنڈ فراہم کرتی ہے، نیز سکول ہذا میں بچوں کی تعداد اور سکول کی بسوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ مقامی حکومتوں کے قانون کے نفاذ کے بعد سکول ضلعی حکومت کے زیر کنٹرول کام کر رہے ہیں۔

(ج) مقامی حکومتیں بننے کے بعد سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد کا بجٹ ضلعی حکومت پشاور جاری کرتی ہے، سکول کی بسوں کیلئے تیل کی مد میں جاری ہونے والے فنڈز کی تفصیل اور بسوں کی تعداد ایوان کو فراہم کی گئی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب، یہ سوال بھی جو میں نے کیا ہے جی اس میں یہ پوچھا ہے کہ اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صوبائی حکومت مذکورہ سکولوں میں بسوں کیلئے تیل کی مد میں ماہوار کتنا فنڈ فراہم کرتی ہے، نیز سکول ہذا میں بچوں کی تعداد اور سکول کی بسوں کی تفصیل فراہم کی جائے؟ جواب میں محکمہ کہتا ہے کہ مقامی حکومتیں بننے کے بعد سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد کا بجٹ ضلعی حکومت پشاور جاری کرتی ہے، سکول کی بسوں کیلئے تیل کی مد میں جاری ہونے والے فنڈ کی تفصیل اور بسوں کی تعداد منسلک ہے، جو بالکل منسلک نہیں ہے میرے پاس۔

جناب سپیکر: جی سکندر خان!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: سر! میرے پاس جو لسٹ ہے، اس میں تعداد بھی دی گئی ہے، یہ کوسچن انہوں نے کافی پہلے بھی کیا تھا اور میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس کو Highlight کیا، Sir, basically after the devolution, لوکل گورنمنٹ کے یہ Devolved departments ہیں اور یہ جو سپیشل ایجوکیشن کمپلیکس حیات آباد ہے، یہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے حوالہ کیا گیا ہے اور اس میں فنڈ کا مسئلہ آیا تھا، چونکہ پشاور ڈسٹرکٹ کا بجٹ جو ہے وہ ذرا لیٹ پاس ہوا تو اس حوالے سے کچھ اس میں تعطل آیا تھا لیکن ابھی فنڈ جاری ہو چکا ہے۔ یہ میں نے آج صبح کو جو فگرز بھیجے ہیں، وہ بھی ان کو بتا دیتا ہوں حالانکہ انہوں کوسچن تین چار مہینے پہلے کیا تھا۔ اس میں Three million allocation ہو چکی ہے، اس میں سے دو ملین ریلیز ہو چکے ہیں اور 1.4 ملین جو liabilities تھیں وہ Already they have been paid، تو اس حوالے سے جو ایشو ہے That has been resolved

جناب سپیکر: جی، نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! میں نے پہلے بھی ایک توجہ دلاؤ نوٹس لایا تھا اور اسی طرح منسٹر صاحب نے ہاؤس میں مجھے یقین دلایا تھا کہ ان بچوں کیلئے جو بسوں کا ڈیزل، پٹرول اور دوسرے اخراجات ہیں، ان کا بندوبست میں کروں گا، تو ابھی جس طرح انہوں نے بتایا ہے میں اس کے اوپر بالکل مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: سکندر صاحب! میں Personally بھی ریکوسٹ کروں گا کہ آپ خود بھی تھوڑا دیکھ لیں اس ایشو کو، کیونکہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے فنڈ بھی تھوڑے، تو اس ایشو کو Personally بھی دیکھ لیں، جی جی، سکندر خان۔

سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود): جناب سپیکر! نلوٹھا صاحب کے نوٹس میں بھی اور ہاؤس کے بھی کہ اس میں Already UNHCR کے ساتھ ہماری بات چیت چل رہی ہے سر! اور ان کو ہم نے اپنے ان انسٹی ٹیوشنز کی بلڈنگز کو بھی بہتر بنانے کیلئے اور جو اس میں ضرورتیں ہیں، اس کیلئے ان کے ساتھ ہمارا شاید جلد ہی MoU سائن ہو جائے تو باقی اس طرح اور ڈونرز کے ساتھ بھی ہم بات کر رہے ہیں تاکہ ان انسٹی ٹیوشنز کی جو ضروریات ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پہ کافی کمی ہے اور اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے تو اس کے اوپر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر آپ اس میں Follow up کرلیں تو بہت اچھا ہوگا۔ 3889، مفتی فضل غفور۔

* 3889 _ مولانا مفتی فضل غفور: آیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت بعض اہم اور ضروری دوروں کیلئے ہیلی کاپٹر کا استعمال کرتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہمارا صوبہ اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے اور غیر ضروری مالی اخراجات کا متحمل نہیں ہو سکتا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جون 2013ء سے اب تک مذکورہ ہیلی کاپٹر کتنے دوروں میں استعمال ہوا اور کہاں کہاں اور کس مقصد کیلئے استعمال ہوا، نیز مذکورہ دوروں پر کتنا خرچہ ہوا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (قائد ایوان) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) ہیلی کاپٹر سرکاری اور ضروری کاموں کیلئے استعمال ہوتا ہے اور ہر سال اس کا بجٹ محکمہ خزانہ صوبائی اسمبلی سے منظوری کے بعد محکمہ انتظامیہ کو باقاعدہ استعمال کیلئے جاری کرتا ہے۔
(ج) مذکورہ دوروں اور ان کے اخراجات کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب! ما خو دا سوال کړے وو چې زمونږه صوبائی حکومت د هیلی کاپټر د استعمال دا چرچې ډیرې شروع دی، نو د هغوئ د دورو لړه پښتانه مو کړے وه، سپیکر صاحب! د دے جواب کښې زه تاسو ته یو څو څیزونو ته نظر را ګرځول غواړم۔ دا جی، دا تقریباً په دیکښې بعضې دورې داسې دی چې هغه د دې صوبې د دې غریبې صوبې د عوامو سره ډیر ظلم دے۔ دا 227 نمبر که تاسو اوګورئ په دیکښې پشاور ته متنی، نو دې د پاره چې کوم دے نو هیلی کاپټر استعمال شوے دے او بیا جناب سپیکر! که 202 او ګورئ په دیکښې پشاور ته حیات آباد، د دې د پاره هم د هیلی کاپټر استعمال شوے دے او بیا پشاور ته نوشهره، پشاور ته لکی مروت۔ جناب سپیکر صاحب! زما خو به دا ګزارش وی د حکومت د طرف نه چې هر څوک هم Response راکوی، مونږ ته د د دې وضاحت اوکړی چې آیا د دې غریبې صوبې د خزانې سره دا انصاف دے؟ مونږ خو اوریدلی وو چې دلته به کفایت شعاری او دلته به سادګی او وزیر اعلی صاحب او وزیران صاحبان به په سائیکل ګرځی، څنګه چې په کینیډا کښې وزیر اعظم صاحب چې کوم دے نو په سائیکل ګرځیدو نو زما په خیال باندې دا به ډیر زیاتې وی، دا به ډیر ظلم وی، دا هغه صوبه ده۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں ابھی میں، آپ کی حکومت میں کیا روایت تھی؟

مولانا مفتی فضل غفور: اس کی تفصیلات بھی سامنے لائی جائیں، اس کی تفصیلات بھی سامنے لائی جائیں، مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں۔

جناب سپیکر: ہاں ہاں، بالکل اس طرح کرتا ہوں، بالکل باقاعدہ اس طرح کریں کہ جو تینوں گورنمنٹ گزشتہ گزری ہیں، اس کی ساری ڈیٹیلز جو ہیں نا اس ہاؤس کو Provide کی جائیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: بالکل جی، اور اس پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سیکرٹری صاحب! آپ نے اس کی بھی پوری پوری ڈیٹیل ہاؤس کے سامنے رکھنی ہے، اس کو Contact کرلیں کہ کتنا کتنا، کیا ہوا؟

مولانا مفتی فضل غفور: میری اس میں تجویز یہ ہے کہ ان دوروں کے ساتھ پوری ڈیٹیل ہونی چاہئیے کہ کس دن کس کس وقت میں کن کن لوگوں کے ہمراہ یہ استعمال کیا گیا ہے؟

جناب سپیکر: یہ بہت اچھا ہوگا، تینوں گورنمنٹ کا Equally بتایا جائے تاکہ ہاؤس کو بھی پتہ چلے اور عوام کو بھی پتہ چلے۔

مولانا مفتی فضل غفور: پشاور سے حیات آباد تک، پشاور سے حیات آباد تک، پشاور سے حیات آباد تک۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، امتیاز شاہد صاحب! جی جی۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر صاحب! زه خو دا مفتی صاحب خپل کوم کوئسچن دے کہ دې طرف تہ تاسو لږ راشئ او دا تاسو اوګورئ دا وائ پخپلہ باندې دا ایډمټ کوی پہ فرسټ دغہ کښې چې، آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت بعض اہم اور ضروری دوروں کیلئے ہیلی کاپٹر کا استعمال کرتی ہے؟ میں کہتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی حکومتیں رہی ہیں جیسا آپ نے فرمایا جی، اس کو باقاعدہ، میں کہتا ہوں کہ یہ کوئسچن آپ بھیجیں کمیٹی میں تاکہ پچھلی جو گزشتہ جو حکومتیں، اس کے حوالے سے ان کی کیا کارکردگی ہے تاکہ پتہ چل جائے اور اس کے علاوہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، Agreed، تو آپ اس طرح کریں کہ کمیٹی کو ہم ریفر کرتے ہیں اور تینوں گورنمنٹ کی پوری ڈیٹیل جو ہے نا یہ ہاؤس کے سامنے پھر لائی جائے، یہ سب متفق ہیں جی Agreed?

Is it the desire of the House that Question, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to concerned Committee.

(Applause)

Mr. Speaker: Syed Jafer Shah Sahib, 3906, lapsed. Mufti Fazal Ghafoor, 3880.

مولانا مفتی فضل غفور: شکریہ۔ جناب! دا جواب خو ماته اوس ملاؤ شو خو که تاسو په دیکښې لږ او ګورئ جی، دا ما چې کوم د جز (ب) تپوس کړے دے ،آیا یہ درست ہے کہ مالی خسارہ پورا کرنے کیلئے حکومت نے دس ارب روپے کا سودی قرضہ، ڈومیسٹک قرضہ لینے کا فیصلہ کیا ہے؟ جواب کے لیکی ، ہاں یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے سال 17-2016ء کے منظور شدہ بجٹ میں اس مد میں 12.2 بلین روپے مختص کئے ہیں لیکن بجٹ کی اس مد کو مالی خسارہ پورا کرنے کا نام دینا درست نہیں ہے، اس طرح کا قرضہ مالی وسائل میں شامل کرنا صوبے کا آئینی حق ہے، بہر حال یہ قرضہ حاصل کرنے کا فیصلہ مناسب موقع پر کیا جائے گا۔ جناب سپیکر! دا ډیر یو عجیبه غوندې خبره ده، یو طرف ته ټول منسټران صاحبان د Financial crisis پخپله باندې خبره کوی او بل طرف ته زه د اسمبلی نه تپوس کوم، وائی چې 'کوئی مالی بحران نہیں ہے' د سکیمونو پیسې او مونږه ژاړو فنډونو پسې، کارونه رکاؤ دی، وائی چې فنډ نشته دے ، ډائریکټیوز شوی دی، ډیپارټمنټس ټول دغه شان Dead ولاړ دی او وائی چې، 'مالی بحران نہیں ہے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر پلیز، پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جی جناب سپیکر! متعلقہ کوئسچن کا تعلق وزیر خزانہ صاحب سے ہے جو کہ موجود نہیں ہیں، میں کہتا ہوں بہتر یہ ہے کہ وہ خود اس کو Respond کریں کیونکہ میرے ساتھ کسی نے رابطہ نہیں کیا۔

Mr. Speaker: Deferred.

(Question No. 3880 deferred due to absence of Minister Finance)

Mr. Speaker: Next Question No. 3865, Sardar Aurangzeb Nalotha, please.

* 3865 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اخبارات کی وساطت سے صوبہ بھر کے معذور بچوں اور لوگوں کیلئے مالی امداد کی درخواستیں مانگی گئی تھیں اور آیا یہ بھی درست ہے کہ اب تک کسی بھی معذور کو مالی امداد نہیں ملی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو ماہ سے جن جن معذور اور لاچار افراد نے مالی امداد کیلئے درخواستیں دی ہیں، ان میں کس کس کو مالی امداد ملی، نیز بقیہ لوگوں کو کب تک مالی امداد دی جائے گی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، گزشتہ دو ماہ میں کسی بھی معذور درخواست گزار کو مالی امداد نہیں ملی، یہاں پر اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ محکمہ ہذا نے محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا کو فنڈز کی تجدید کیلئے درخواست کی ہے اور جونہی محکمہ خزانہ فنڈز کی تجدید کرے گا تو تمام معذور درخواست گزاروں کو مالی امداد دی جائے گی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں نے پوچھا ہے کہ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو ماہ سے جن جن معذور اور لاچار افراد نے مالی امداد کیلئے درخواستیں دی ہیں، ان میں کس کس کو مالی امداد ملی ہے، نیز بقیہ لوگوں کو کب تک مالی امداد دی جائے گی، مکمل تفصیل فراہم کریں؟ یہ سر! وہی میں، سپیکر صاحب! معذور بچوں کی میں بات کر رہا ہوں تو محکمے نے جواب دیا ہے کہ دو ماہ سے کسی معذور درخواست گزار کو مالی امداد نہیں دی گئی ہے، یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ محکمہ ہذا نے محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا کو فنڈز کی تجدید کیلئے درخواست کی ہے اور جونہی محکمہ خزانہ فنڈز کی تجدید کرے گا تو تمام معذور درخواست گزاروں کو مالی امداد دی جائے گی۔

جناب سپیکر صاحب! اگر خیبر پختونخوا کے خزانے میں معذور بچوں کیلئے فنڈ موجود نہیں ہے۔ شاید وہ اسی فنڈ سے اپنے تعلیمی اخراجات اور دیگر ضروریات پوری کرتے ہوں اور دو ماہ سے اگر یہ فنڈ نہیں آیا ہے تو اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ اور یہ تین ہزار روپیہ میرے خیال کے مطابق منسٹر صاحب وضاحت کریں گے، ہماری صوبائی حکومت تین ہزار روپیہ انہیں مالی فنڈ فراہم کرتی ہے جبکہ دوسرے صوبوں میں سال کا پندرہ اور بیس بیس ہزار روپیہ ایسے بچوں کو دیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر: سکندر خان!

سینیئر وزیر {آبپاشی و سماجی بہبود}: جناب سپیکر صاحب، میں نلوٹھا صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس ہاؤس کی توجہ ایک اہم ایشو کی طرف دلائی ہے 'PCRDP' Provincial Council for

Rehabilitation of Disabled Persons، یہ 1991ء میں ایکٹ بنااور اس کے تحت یہ فنڈ قائم ہوااور اس میں تقریباً سال کے لگ بھگ اسی لاکھ روپے آتے ہیں جو کہ مختلف ضلعوں میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ یہ جتنی درخواستیں آتی تھیں، ان کے اوپر تقسیم کر دیئے جاتے تھے، پھر 2014ء میں مہر تاج بی بی نے اس کا علیحدہ ایک فارمولا تیار کیا تاکہ ہر ضلع کی سطح پہ اس کو تقسیم کیا جاسکے۔ لیکن 2015ء میں Unfortunity کچھ ایسی مشکلات آگئی تھیں کہ جس کی وجہ سے اس PCRDP کو Probe کیا گیا اور اس کی فائل کچھ عرصے کیلئے احتساب کمیشن کے پاس تھی، 2008ء سے لے کر 2013ء تک کے بعض واقعات کی وجہ سے، تو اس وجہ سے اس کے اوپر ایک Observation آئی اور اس کی وجہ سے اس کے جو اکاؤنٹس ہیں، وہ اس کی Authorization انہوں نے کہا کہ آپ دوبارہ فنانس سے لیں، اب 2015ء میں وہ Authorization جو ہے وہ مئی 2016ء میں انہوں نے کی اور فنڈ جب اس میں ٹرانسفر کیا تو On 17th June 2016، تو تیرہ چودہ دنوں میں وہ فنڈ لگ نہیں سکتا تھا کیونکہ وہ تو دوبارہ لیپس ہوااور فنانس کی طرف سے ایک نوٹیفکیشن جو کہ انہوں نے 19 جنوری 2016ء کو کیا ہے اور اس میں یہ تھا کہ ایسے فنڈ جو کہ لیپس ہو جائیں، جب تک فنانس اس میں پھر سے آپ کو Authorization نہ دے، You can not utilize that fund، ہم نے بار بار فنانس سے رابطہ کیا ہے اور ان کو بار بار ہم کہہ رہے ہیں، اس وقت اس اکاؤنٹ میں آدھے سال کے 42 ملین روپے پڑے ہوئے ہیں لیکن چونکہ جب تک فنانس ہمیں اس پہ Authorization نہیں دیتا، ہم اس وقت تک Utilize نہیں کر سکتے۔ میں نے سیکرٹری فنانس کے ساتھ خود بھی اس پہ رابطہ کیا ہے، اس پہ اگلے ایک دو دنوں میں پھر سے میٹنگ ان کے ساتھ ہو گی تو امید ہے کہ جلد Authorization مل جائے گی، جب Authorization مل جائے تو اس میں پھر یہ فنڈ ہم تقسیم کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: سکندر خان! میں اس ایشو پہ خود بھی بات کرنا چاہتا ہوں، دیکھیں، یہ بڑے Sensitive لوگ ہوتے ہیں اور یہ تین چار ہزار میں ان کی کیا Help ہو سکتی ہے؟ میری ریکویسٹ یہ ہو گی کہ اگر آپ سپیشل پرسن کیلئے ایک Rehabilitation Plan بنائیں اور آپ اس کیلئے جو انٹرنیشنل آرگنائیزیشنز ہیں، ان کے ساتھ ایک Proper understanding بنائیں، کچھ کام کریں اور ان کی Rehabilitation

کاایک Proper package ہواوران کی Survival کیلئے کیابنیادی چیزیں ہیں؟ کیونکہ یہ سپیشل پرسن بہت ہماری توجہ کے لائق ہیں اور آپ کی مہربانی ہوگی کہ آپ خود Personally ان چیزوں کودیکھ لیں، تو نلوٹھا صاحب!

سینیئر وزیر(آبپاشی وسماجی بہبود): سر! اس پہ میں تھوڑا Add کرناچاہتاہوں۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: منسٹر صاحب! ذراوضاحت کردیں کہ ایک بچے کوسال کاآپ کتنادیتے ہیں؟

سینیئر وزیر(آبپاشی وسماجی بہبود): سر! Basically تو یہی وہ تھا،اس میں پانچ سو بھی دیا گیا ہے اور اس میں تین ہزار بھی دیا گیاہے، علیحدہ علیحدہ پالیسیز تھیں،اس میں سر! Basically یہ جو فنڈ قائم کیا گیا تھا PCRDP کا، یہ ان انسٹی ٹیوشنز کیلئے جو دو پرسنٹ کوٹہ جو Disabled کیلئے ہم نے ایمپلائمنٹ کیلئے رکھا ہے اور ان اداروں کے جو اس پر عمل نہیں کرتے، ان پر بھی اس پہ Fine کیا جاتاہے۔اس پہ بھی میں نے پچھلے دنوں یہ Decision لیاہے کہ ایک تو ہم اس Fine کو بڑھاناچاہتے ہیں اور اس کو Minimum wage کے برابر لاناچاہتے ہیں کہ وہ پندرہ ہزار روپے کر دیں،اس وقت صرف میرے خیال میں وہ سات ہزار روپے Fine کرتے ہیں اور اس پہ بہت سے ایسے محکمے ہیں جو اس دو فیصد کوٹے کو Follow نہیں کر رہے، تو ایک تو اس کو ہم Increase کریں تو اس سے بھی اس کا فنڈ بڑھے گا جب فنڈ بڑھے گا، تو اس سے ہم زیادہ لوگوں کو بھی دے سکیں گے اور اس کی تعداد بھی زیادہ کر سکیں گے۔ ساتھ ہی ساتھ ہم نے کچھ انٹر نیشنل ڈونرز بھی ہم Engage کر رہے ہیں کہ اس فنڈ میں ہمیں اگر وہ Contribute کر سکیں اور اس کیلئے ہمیں زیادہ دے سکیں، جس طرح آپ نے کہا کہ پورا ایک Rehabilitation plan ہم دے سکیں۔ اگر ہم کہیں کہ تین ہزار روپے تو تین ہزار روپے سے آج کل کے دور میں کچھ بھی نہیں ہوتا، اگر آپ اس طریقے سے دیکھیں تو خاص کر Disabled بندوں کیلئے اس لحاظ سے کم ہے تو اس کیلئے ہم ایک جامع پلان بنائیں گے اور جلد اس کے اوپر عمل کریں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، جی جی نلوٹھا صاحب! ضمنی، ایک منٹ جی، نلوٹھا صاحب۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: جی جی۔

جناب سپیکر: آپ!

سرداراورنگزیب نلوٹھا: سر! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بھی معذور بچوں کیلئے جو رولنگ دی ہے، میں آپ کا مشکور ہوں۔ میں منسٹر صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ دیکھیں کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں جو ممبران سوال اٹھاتے ہیں تو محکمہ کا انچارج منسٹر اس کا جواب دیتا ہے، یہ بہت اہم اور Sensitive معاملہ ہے،اس کے اوپر میں منسٹر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ تین ہزار اور دو ہزار سے اس مہنگائی کے دور میں کچھ بھی نہیں ہوتا ہے، جس طرح آپ نے بھی اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب بھی ان کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں تو کم از کم بیس ہزار روپیہ جو ہے ان بچوں کیلئے مقرر کیا جائے اور دوسری میری یہ گزارش ہے سر! اگر منسٹر صاحب مناسب سمجھیں تو ان کا جو Disable کا کوٹہ دو پرسنٹ ہے،اس کو بڑھا کر پانچ پرسنٹ اگر کیا جائے تو ہم ان Disable بچوں کا حق ادا کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اس پہ تھوڑا کام کی ضرورت ہے، دیکھنا پڑتا ہے۔

سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود): Sir, We have been working on new Act also، اس پہ ہم یہ بھی Consider کر رہے ہیں،اس کوٹے کو بھی بڑھانے کیلئے اس پہ بھی ہم سوچ رہے ہیں اور مختلف آرگنائزیشنز کے ساتھ ہم نے سٹیک ہولڈرز کو Engage کیا ہوا ہے تاکہ ان کے سارے جو اس میں وہ ہیں کیونکہ اس میں پھر یہ ایشو بھی آجاتا ہے کہ Disabilities بھی چار قسم کی Disabilities ہیں، پھر اس میں ہر ایک کہتا ہے کہ ہمارے لئے علیحدہ کوٹہ مختص کیا جائے تو اس کو ہم دیکھ کر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سکندر خان! میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں، یہ جو اس پہ قانون سازی ہو رہی تھی، ایک نیا ایکٹ، اس کا کیا سٹیٹس ہے؟

سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود): Sir, we are working on that،اور جلد ہی اس پہ آپ کو بھی علیحدہ سے ایک بریفنگ دیں گے، اس پہ مہرتاج بی بی نے بھی کافی کام کیا تھا اور ہم ابھی بھی اس پر کام کر رہے ہیں اور جلد ہی اسے اسمبلی میں لانے کی کوشش کریں گے جی۔

جناب سپیکر: مہربانی ہوگی، جتنا آپ جلدی اس پہ کام کر سکتے ہیں، مہربانی ہوگی۔ جی سپلیمنٹری ہے؟ جی جی۔

جناب محمد عارف: شکریہ سپیکر صاحب۔ تیر تین تاریخ باندې International Disable Day دغه شوے وه، تاسو په هغه ورځ باندې موجود نه وئ، ما یوه

خبره کړے وه، منسټر صاحب هم موجود نه وو۔ موقعې نه څکه فائده اخلم، څکه پاسیدم جی، یو خو جی مسئله دا ده چې کومې Three thousand ruppes هغوی ته Per month راتلې هغه بندې شوے وے خو دویمه مسئله دا ده چې په تیر شوے درې کاله کښې که مونږ او ګورو چې ما پخپله ډیر زیات منډې ترړلې اووهلې، دا چې کوم معذور کسان دی، سپیشل پرسنز، هغوی ته ویل چیئر، ټرائی سائیکل چې کوم دی، هغه نه ملاویږی، هغه ما میډم سره خبره کړے وه، هغوی وئیل چې دا احتساب کمیشن سره کیس دے، پته نشته کورټ کښې دے خو سر! دا یو انتهائی Sensitive issue ده، دا خومره خلق دی، د دوئ تعداد انتهائی کم دے جی۔ په هغه ورځ ما هغه Disable کوم کسان چې وو، هغه ما کتل چې شلیدلې جامې ئے وی، بیمار وو، ما یو مطالبه دا کړے وه د هیلتھ منسټر نه چې دا کوم زمونږ هیلتھ کارډز دی، دا ټهیک ده چې د دې د پاره یو سروې شوے ده او په هغه سروې زمونږه اعتراض نشته خو کم سے کم هغه Disable کسان چې کوم غریبانان دی، د هغوی وس نه رسی، بلکه چې نوم ئے Disable دے، هغه ته د هیلتھ کارډ چې کوم دے، دا ایشو کول ډیر زیات ضروری دی۔ زه دا مطالبه کوم چې دا دوه پرسنټه نه، دا دوه پرسنټه نه جی، ما دا مطالبه کړے وه چې دا پانچ پرسنټ ته لاړ شی چې دا کومه کوټه ده او بل هغه Implement هم شی، لکه Implement کیږی هم نه۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اوکے، اوکے، سکندر خان! آپ اس پر ذرا Comments کریں، جی سکندر خان۔

<u>سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود):</u> سر! دیکښې څنګه چې عارف خان اووئیل یو خو دیکښې د کورټ کیس دے او د احتساب سره هم دا دغه دے۔ ورسره ورسره سر! دیکښې فنانس چې دے، هغوی یو Decision اغستې دے چې دا چونکه PCRDP ته تلې ده او دې سره سره د 'للسائل والمحروم' چې دے، هغه هم یو اداره ده او هغوی به هم دغه فنکشنز کول نو د دوئ چیئرز ورکول او دا دغه ورکول چې دے، دا فنانس اووئیل چې دا Duplication دے، دا دې 'للسائل والمحروم' محکمه کوی، PCRDP چې دے هغه به صرف Cash compensation دغه کوی نو دغه د پاره دا شې چې دے، هغه 'للسائل والمحروم' ته دغه شوے دے، هغه فاؤنډیشن سره د 50 کروړ روپو

Endowment هم پروت دے او زه به هغوی سره Tack up کړم چې څومره زر کیدې شی چې دا ایشو Resolve کړی۔

Mr Speaker: Question No. 3896, Babak Sahib, (Not present). Question No. 4046, Syed Jafar Shah (Not present). Question No. 3939, Syed Jafar Shah (Not present). Question No. 3881, Izazul Mulk Afkari, (Not present) lapsed.

## غیر نشاندار سوالات اوران کے جوابات

3896 _ جناب سردار حسین: کیاوزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)آیایہ درست ہے کہ سال2015-16ءاور2016-17ءمیں ضلع بونیر کیلئے ایم اینڈ آر کی مد میں فنڈ ریلیز ہوا ہے;

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مد میں ضلع بونیر کیلئے کتنا فنڈ مختص کیا گیااور کتنار یلیز کیا گیا ،تقسیم کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود)}: (الف)جی ہاں، یہ درست ہے کہ سال 2015-16ءمیں ضلع بونیر کیلئے ایم اینڈ آر کی مد میں فنڈر یلیز ہوا ہے، البتہ 2016-17ءمیں ایم اینڈ آر کی مد میں تاحال کوئی فنڈ جاری نہیں کیا گیا ہے۔

(ب) مذکورہ ایم اینڈ آر فنڈ کی مد میں ضلع بونیر کیلئے سال2015-16ء میں مبلغ 73 لاکھ اسی ہزار روپیہ مختص کیا گیا تھا جبکہ سال2016-17ء کیلئے تاحال کوئی فنڈ موصول نہیں ہوا ہے۔ مذکورہ فنڈ کی حلقہ وائز تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | تفصیل | 77-پی کے | 78-پی کے | 79-پی کے | کل |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کنال ایریگیشن ایم اینڈ آر | 0.540 ملین | (1.055ملین | 0.625ملین | 2.220ملین |
| 2 | ٹیوب ویل ایم اینڈ آر | 1.500ملین | | | 1.500ملین. |
| 3 | لفٹ ایریگیشن سکیم | 1.000ملین | 1.000ملین | | 2.000ملین |
| 4 | فلڈ کنٹرول ایم اینڈ آر | 0.450ملین | 0.930ملین | 0.280ملین | 1.660ملین |
| 5 | کل | 3.490ملین | 2.985ملین | 0.905ملین | 7.380ملین |

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ فنڈ ہذا ضرورت کے تحت محکمہ آبپاشی کے زیر انتظام سرکاری سکیموں کی مرمت پر خرچ ہوا ہے۔

4046 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-85 میں بانڈہ ڈبر گئی سول چینل اور گور نئی سول چینل بحرین میں آبپاشی کے منصوبوں کی منظوری دی گئی تھی اوران پر کام بھی شروع ہوا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبوں پر اب تک کتنی رقم خرچ کی جاچکی ہے، موجودہ وقت ان کی کیفیت کیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی وسماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ PK-85 میں بانڈہ ڈبر گئی سول چینل محکمہ آبپاشی کی اے ڈی پی سکیم نمبر (140795) 1480 سال 2014-15 ء کے تحت منظوری دی گئی تھی جبکہ گور نئی بحرین سول چینل کی تعمیر محکمہ آبپاشی کی اے ڈی پی (140437) 1548 سال 2015-16 ء کے تحت Revised PC-1 برائے منظوری بھیج دی جاچکی ہے۔

(ب) بانڈہ ڈبر گئی سول چینل میں 814 فٹ چینل کی بحالی کی ضرورت تھی جو بروقت مکمل کی گئی ہے اور اس پر کل لاگت تین لاکھ اکتیس ہزار روپے آئی ہے۔ بانڈہ ڈبر گئی سول چینل اب صحیح حالت میں ہے اور اس سے آبپاشی کا عمل جاری ہے جبکہ گور نئی بحرین سول چینل پر مزید کارروائی Revised PC-1 کی منظوری کے بعد کی جائے گی۔

3939 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے کے مختلف مقامات پر سیلاب کی روک تھام اور حفاظتی اقدامات کے طور پر دریا کے پانی سے بچاؤ کیلئے حفاظتی پشتوں کی تعمیر شروع کی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2015-16 ء میں مذکورہ منصوبے کہاں کہاں تعمیر ہو چکے ہیں یا ہو رہے ہیں اوران پر کتنی لاگت آئی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز حلقہ پی کے 85 میں سب سے

زیادہ متاثرہ علاقوں بشمول کالام، اتروڑ، گبرال، بحرین، مدین اور تیرات میں ضرورت کی بنیاد پر مذکورہ منصوبے کیوں شروع نہیں کئے گئے، وضاحت کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی و سماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) سال 16-2015ء میں مذکورہ منصوبے مندرجہ ذیل علاقوں میں تعمیر ہو چکے ہیں۔

| Estimate Cost | Constituency | Estimate Cost | Constituency |
|---|---|---|---|
| Rs. 111.782 (M) | PK- 83 | - | PK- 77 |
| Rs. 891.770 (M) | PK- 84 | Rs. 2.400 (M) | PK- 78 |
| Rs. 48.650 (M) | PK- 85 | - | PK- 79 |
| Rs. 144.670 (M) | PK- 86 | Rs. 26.368 (M) | PK- 80 |
| Rs. 10.159 (M) | PK- 87 | Rs. 57.380 (M) | PK- 81 |
| Rs. 7.393 (M) | PK- 88 | Rs. 20.260 (M) | PK- 82 |

حلقہ پی کے 85 میں گاؤں گبرال، جبہ، کارین، ساز گل، کنحد، کالام اسان، خواجہ آباد، بڈالئی، شہید بابا، دامانہ، بڈالئی ڈپو اور چنجہ میں موزوں مقامات پر حفاظتی پشتے تعمیر ہو چکے ہیں جن کی کل لمبائی 3193 فٹ ہے۔ حلقہ پی کے 85 میں مزید 730 فٹ لمبائی کے حفاظتی پشتے تعمیر ہوں گے جس کی تخمینہ لاگت 60211130/- روپے ہو گی۔

3881 _ جناب اعزاز الملک: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ اور ملحقہ قبائلی علاقوں میں قائم کیڈٹ کالجز کے بورڈ آف گورنر کا وزیر اعلیٰ خیبر

پختونخوا پیٹرن ان چیف جبکہ وزیر خزانہ یا سیکرٹری خزانہ، وزیر تعلیم یا سیکرٹری تعلیم، متعلقہ کمشنر کا نمائندہ بطور ممبران

شامل ہوتے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت کیڈٹ کالجز کو گرانٹ/فنڈ وغیرہ جاری کرتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبے اور ملحقہ قبائلی علاقوں میں کل کتنے کیڈٹ کالجز قائم ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) صوبائی حکومت کی طرف سے مذکورہ کالجوں کیلئے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کل کتنی گرانٹ/فنڈ جاری کیا گیا، کالج کا نام گرانٹ/فنڈ کی سالانہ وائز تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے، نیز گرانٹ کی منظوری کے طریقہ کار کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) آیا حکومت کی طرف سے کیڈٹ کالج ورسک کے قیام سے تاحال گرانٹ/فنڈز جاری کئے گئے ہیں، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں، آیا حکومت کیڈٹ کالج ورسک کی مالی مشکلات کے پیش نظر اور ضروری کاموں کیلئے گرانٹ جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پیٹرن ان چیف جبکہ کور کمانڈر یا کمانڈر 9 ڈویژن اس کے چیئرمین اور سیکرٹری خزانہ اور سیکرٹری تعلیم اور متعلقہ کمشنر کا نمائندہ اس کے بطور ممبران شامل ہوتے ہیں۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) (i) صوبے اور ملحقہ قبائلی علاقوں میں کل پانچ کالجز قائم ہیں، جن کی تفصیل مندرج ذیل ہے:

(1) کیڈٹ کالج کوہاٹ (2) کیڈٹ کالج سوات (3) کیڈٹ کالج ورسک

(4) کیڈٹ کالج رزمک (5) کرنل شیر خان کیڈٹ کالج صوابی

(ii) جواب ندارد۔

(iii) تفصیل درج ذیل ہے:

| LISTS GRANT IN AID ISSUED TO CADET COLLEGES | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **S.No** | **Name of institution** | | **Grant-in-Aid (in Millions)** | **Sanctioned Date** | **Purpose** |
| 1. | Cadet College Swat | | 30.37 | 15.11.2012 | For Academic and Administration Budget Purpose |
| | | | 20.79 | 05.05.2014 | Academic Budget for the 2013-14 |
| | | | 10.00 | 17.06.2016 | Grant-in-Aid |
| | | | 20.00 | 20.10.2016 | Grant-in-Aid |
| | | **Total** | **81.16** | | |
| 2. | Cadet College Kohat | | 1.00 | 12.01.2010 | Grant-in-Aid |
| | | | 10.00 | 26.02.2010 | Grant-in-Aid |
| | | | 10.00 | 30.09.2010 | Budget Allocation |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 10.00 | 13.01.2011 | Budget Allocation |
| | | | 20.00 | 29.12.2011 | Budget Allocation |
| | | | 20.00 | 19.03.2011 | Budget Allocation |
| | | **Total** | **71.00** | | |
| 3. | Captain Karnal Sher Khan Shaheed Cadet College Swabi. | | 20.00 | 18.05.2016 | Grant-in-Aid |
| | | **Total** | **20.00** | | |
| 4. | Warsak Cadet College Peshawar | | 20.00 | 03.05.2010 | Grant-in-Aid |
| | | | 5.05 | 20.12.2010 | For Daewoo Bus |
| | | **Total** | **25.05** | | |

iii) مذکورہ کالج کو اب تک 25.050 ملین گرانٹ جاری کی جا چکی ہے۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں، سردار فرید 14 دسمبر، سردار اکرام اللہ گنڈاپور 14 دسمبر تا 15 دسمبر، میڈم نسیم حیات، سردار محمد ادریس، فریڈرک عظیم، صاحبزادہ ثناء اللہ، جمشید خان، ضیاء اللہ آفریدی، اعظم خان درانی، عارف خان، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

## رسمی کارروائی

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر حیدر۔

ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے اینٹی کرپشن): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آج اس ہاؤس کی توجہ ایک بہت ہی اہم ایشو کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ بار بار اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے اور اگر ہم اس پہ خاموشی اختیار کریں تو یہ معاملہ کسی ایسے پوائنٹ پہ پہنچے گا جو کہ شاید اس ملک کیلئے بھی Point of no return ہوگا۔ جناب سپیکر! پچھلے ہفتے کی Sitting میں ایک متفقہ قرار داد کے ذریعے وفاقی حکومت کے اس رویئے کی مذمت کی گئی کہ جو بھی Delegations باہر کی دنیا سے ہماری ریکویسٹ پہ یہاں وزٹ کرنے آتے ہیں، یہاں پہ انوسٹمنٹ کرنے آتے ہیں اور اس آفت زدہ اور جنگ زدہ صوبے کو اس دلدل سے نکالنے میں اپنا ایک کردار ادا کرتے ہیں، ان کو منع کیا جاتا ہے، ان کو این او سی نہیں ایشو کیا جاتا۔ اس قرارداد کے ایک ہفتے کے اندر اندر وہ DFID کا ایک وفد تھا جس کو ہم نے

